نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت بہاولپور میں کپاس کے پیداواری ہدف کے حصول کیلئے جائزہ اجلاس کا انعقاد

کاشتکاروں کو کپاس کی بہتر قیمت دلوانے کیلئے ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان (ٹی سی پی) کو آن بورڈ لیا جائے گا۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور 24 ستمبر 2023 ( ) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ فیلڈ افسران و عملہ کپاس کی مینجمنٹ کا فالواپ سلسلہ جاری رکھیں تاکہ آخری حد تک فصل کو پیداوار کی طرف لایا جاسکے۔کپاس کی قیمتوں میں استحکام کیلئے ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان کو فوری طور پر آن بورڈ لیا جائے گا تاکہ کم ازکم امدادی قیمت کو یقینی بنایا جائے۔یہ بات انہوں نے سول سیکرٹریٹ بہاولپور میں کپاس کے پیداواری ہدف کے حصول کیلئے منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری ٹاسک فورس پنجاب شبیر احمد خان،کمشنر بہاولپور ڈاکٹر احتشام انور،ڈپٹی کمشنر ظہیر انور جپہ،شکیل احمد بھٹی،ذوالفقار علی بھون،کنسلٹنٹ زراعت توسیع ڈاکٹر محمد انجم علی چیئرمین پی سی جی اے وحید ارشد سمیت دیگر شریک ہوئے۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ جننگ فیکٹریوں کی ڈاکومینٹیشن مکمل کی جائے۔زراعت توسیع کا عملہ وافسران انڈر رانوائسنگ کرنے والی جننگ فیکٹریوں کی نشاندہی کریں تاکہ ان کیخلاف بروقت ایکشن لیا جاسکے کیونکہ جو روئی ریکارڈ میں نہ آئی وہ کسی بھی سطح پر اعدادوشمار میں شامل نہیں ہوگی۔اس موقع پر بریفنگ کے دوران سیکرٹری زراعت کو بتایا گیا کہ بہاولپور ڈویژن میں 21 لاکھ 32 ہزار ایکڑ رقبہ پر کاشتہ کپاس سے 35 لاکھ گانٹھ روئی حاصل ہونے کی توقع ہے۔بہاولپور میں زیادہ تر کپاس کی فصل چنائی کے قابل ہوچکی ہے۔15 اکتوبر تک 55 فیصد کپاس کی فصل کی چنائی مکمل ہوجائے گی۔کاشتکاروں کو کپاس کی فصل کو 10 اکتوبر تک آبپاشی جاری رکھنے کی سفارش کی جارہی ہے۔فیلڈ فارمیشنز کپاس کی بہتر نگہداشت بارے کاشتکاروں کی فنی رہنمائی جاری رکھے ہوئے ہیں۔کپاس کی بہتر نگہداشت بارے مرتب کردہ سفارشات کاشتکاروں تک پہنچانے کیلئے تمام کمیونیکیشن ذرائع استعمال کیے جارہے ہیں۔سیکرٹری زراعت نے متعلقہ افسران کو کاٹن کنٹرول ایکٹ پر عملدرآمد کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ آلودگی کے باعث کپاس کا معیار بری طرح متاثر ہوتا ہے اور عالمی منڈی میں کم قیمت ملتی ہے۔اس لیے ابتدائی طور پر چنائی کے وقت، ذخیرہ، ترسیل اور جننگ فیکٹریوں کی سطح پر احتیاط کی جائے تو آلائشوں سے پاک فصل سے نہ صرف کاشتکاروں کے منافع میں اضافہ ہوگا بلکہ کپاس کی برآمد سے زیادہ زرمبادلہ کا حصول ممکن ہوگا۔

0-0-0-0-0